**25-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ کل ہونے والے دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لئے تمام تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 88 سیٹوں کے لئے کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ چوتھے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ کل کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

☆ انتخابی کمیشن نے مثالی ضابطۂ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی کے معاملے میں کانگریس اور BJP کو نوٹس جاری کیا ہے۔

☆ سرکار نے کہا ہے کہ وہ روس میں پھنسے ہوئے بھارتی شہریوں کے معاملے کو مختلف سطح پر نہایت سرگرمی کے ساتھ اٹھا رہی ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے چند روز کے دوران ملک کے مختلف علاقوں میں شدید گرمی کے حالات جاری رہیں گے۔ IMD نے شمال مغربی بھارت کے علاقوں میں پھر سے بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ شنگھائی تیر اندازی عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں بھارت کے مردوں کی ٹیم recurve فائنلس میں داخل ہوگئی ہے۔

☆ اور...... IPL کرکٹ میں حیدر آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان میچ جاری ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

### with Rev. Second Phase Polling

12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں 88 پارلیمانی حلقوں میں کل ہونے والے دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت آؤٹر منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی علاقوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جن پارلیمانی حلقوں میں کل پولنگ ہوگی، اُن میں کیرالہ کی سبھی 20 سیٹیں، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13، اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ آٹھ، مدھیہ پردیش کی 6، آسام اور بہار کی پانچ پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین- تین سیٹیں جبکہ منی پور، تریپورہ اور جموں و کشمیر کی ایک ایک سیٹ شامل ہے۔

BJP کے امیدوار کے انتقال کے سبب مدھیہ پردیش کے Betul پارلیمانی حلقے کی پولنگ کو تیسرے مرحلے کے انتخابات تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم کل شام ختم ہوگئی تھی۔

اس مرحلے میں آؤٹر منی پور لوک سبھا حلقے کے چار امیدواروں کے ساتھ مجموعی طور پر ایک ہزار 202 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

ووٹنگ صبح 7 بجے سے شروع ہوکر شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ بہار کے بانکا، مدھے پورہ، کھگڑیا اور مونگیر حلقوں کے مختلف پولنگ مراکز میں شدید گرمی کے باعث ووٹروں کی سہولت کیلئے پولنگ کے وقت کو بڑھا کر شام 6 بجے تک کردیا گیا ہے۔

ایک لاکھ 67 ہزار پولنگ مراکز میں 16 لاکھ سے زیادہ پولنگ اہلکار 15 کروڑ 88 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان کو خوش آمدید کہیں گے۔

کل جن اہم امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا اُن میں کیرالہ کے وائیناڈ حلقے سے کانگریس کے رہنما راہل گاندھی وائیناڈ حلقے سے ہی CPI کی امیدوار Annie Raja، تیرونت پورم سے مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر، اِسی حلقے سے کانگریس کے رہنما ششی تھرو، بینگلورو ساؤتھ سے BJP کے تیجسوی سوریہ، متھرا سے BJP کی ہیما مالنی شامل ہیں۔

دیگر اہم امیدواروں میں میرٹھ سے BJP کے امیدوار ارون گووِل، مانڈیا سے کرناٹک کے سابق وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی اور پورنیا سے پپو یادو شامل ہیں۔x

### 4th Phase Nomination Last Date

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوگیا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ اِس مہینے کی 29 تاریخ تک امیدوار اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اسی دوران لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کی پولنگ کیلئے انتخابی مہم زور شور سے جاری ہے۔ وزیر اعظم

اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے آج اترپردیش کے آگرہ، شاہجہاں پور اور بریلی ضلعوں میں انتخابی ریلیاں کیں۔ BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے آج سہ پہر تلنگانہ کے میڈک لوک سبھا حلقے میں واقع سِدی پیٹ کے مقام پر ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بھی آج لکھیم پور کھیری اور اٹاوہ ضلعے میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

دوسری طرف سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے آج قنوج لوک سبھا سیٹ سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ BSP کے کو آرڈینٹر آکاش آنند نے بھی آج اعظم گڑھ اور وارانسی میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔

یوپی میں انتخابات کیلئے کانگریس کے انچارج اویناش پانڈے نے لکھنوٴ میں پارٹی کارکنوں کی میٹنگ کی۔ x

## ECI-Complaint

بھارت کے چناؤ کمیشن نے BJP کے سینئر رہنماؤں کی جانب سے مثالی ضابطۂ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی کا نوٹس لیا ہے۔ چناؤ کمیشن نے BJP کے صدر جے پی نڈا اور کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے کو ایک مراسلہ بھیجا ہے اور آئندہ پیر 11بجے دن تک اس کا جواب مانگا ہے۔ مراسلے میں انتخابی کمیشن نے ہدایت دی ہے کہ مہم میں حصہ لینے والے سبھی سرکردہ افراد سیاسی تقریر کا اعلیٰ معیار قائم کریں اور مثالی ضابطۂ اخلاق پر پوری طرح عمل کریں۔ اپنی شکایتوں میں کانگریس، سی پی آئی اور سی پی آئی (ایم) نے راجستھان کے بانسواڑہ میں بی جے پی کے ایک سینئر رہنما کی تقریر پر اعتراض جتایا ہے۔ جبکہ BJP نے اپنی شکایت میں کیرالہ کے کوٹائم میں کانگریس کے ایک رہنما کی انتخابی تقریر پر اعتراض کیا ہے۔ x

## Rajasthan Polling

راجستھان میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں 13 لوک سبھا اسمبلی حلقوں کیلئے کُل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان میں ٹونک، سوائی مادھوپور، اجمیر، پالی، جودھپور، بارمیر، جالور، اودے پور، بانس واڑہ، چتوڑگڑھ، Rajsamand، بھیل وڑاہ، کوٹہ اور Jhalawar-Baran اسمبلی حلقے شامل ہیں۔ ووٹنگ کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ پہلے مرحلے کی 12 لوک سبھا سیٹوں کیلئے اس ماہ کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے گئے تھے۔ چیف الیکٹورل آفیسر Praveen Gupta نے بتایا کہ پُرامن انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے 82 ہزار سے زائد سکیورٹی اہلکار تعینات کئے گئے ہیں۔

حساس علاقوں سینٹرل پولیس فورس کی 175 کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں اور ان لوک سبھا اسمبلی حلقوں میں 2 کروڑ 80 لاکھ 78 ہزار ووٹرز اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرسکیں گے۔

جناب گپتا نے بتایا کہ 28 ہزار 758 پولنگ مراکز میں سے منتخب کردہ 14 ہزار 460 پولنگ اسٹیشنوں سے انتخابی عمل کی براہِ راست Web Casting ہوگی۔ اس مرحلے میں ووٹنگ کی حوصلہ افزائی کیلئے ایک ہزار 768 خصوصی پولنگ مراکز قائم کیے جائیں گے۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے..................

V/C Jitendra Dwivedi

ان 13 اسمبلی حلقوں میں 152 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں جن میں 7 خواتین ہیں۔ چتوڑ گڑھ سے 18 امیدوار جبکہ جھالاواڑ-بارن لوک سبھا اسمبلی حلقے سے 7 امیدوار اپنی قسمت آزمائی کر رہے ہیں۔ سب کی نگاہیں Barmer سیٹ پر ہیں جہاں سہ رخی مقابلے کی توقع ہے۔ دوسرے مرحلے کے اس چناؤ میں دو سابق وزرائے اعلیٰ جو اپنے بیٹوں کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ لوک سبھا اسپیکر اور 2 وفاقی وزراء کی ساکھ داؤ پر ہے۔

اشوک گہلوت کے بیٹے Vaibhav Gehlot جالور سے کانگریس کے امیدوار کے طور پر جبکہ وسندھرا راجے کے بیٹے Dushyant Singh، جھالاوار لوک سبھا سیٹ سے BJP کے امیدوار کے طور پر میدان میں ہیں۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کوٹہ سیٹ سے BJP کے امیدوار ہیں۔

وفاقی وزیر Gajendra Singh Shekhawat جودھپور سے اور Kailash Chaudhry بارمیر اسمبلی حلقے سے BJP کے امیدوار کے طور پر انتخابی میدان میں ہیں۔

جئے پور سے Jitendra Dwivedi کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں اسعد اللہ

## Maharashtra Constituncey Profile Baramati

مہاراشٹر کے بارامتی لوک سبھا اسمبلی حلقے میں تیسرے مرحلے کا چناؤ 7 مئی کو ہوگا۔ بارامتی سیٹ سے 46 امیدوار انتخاب لڑنے کے اہل قرار پائے تھے لیکن ان میں سے 8 نے اپنی امیدواری واپس لے لی۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے..................

V/C Prarthna

مہاراشٹر کے بارہ متی لوک سبھا حلقے میں تیسرے مرحلے کے تحت 7 مئی کو چناؤ ہونا ہے۔ 46 امیدواروں کو الیکشن میں حصہ لینے کا اہل قرار دیا گیا تھا۔ تاہم اِن میں 8 امیدواروں نے اپنا نام واپس لے لیا ہے۔ مغربی مہاراشٹر کا، بارہ متی لوک سبھا حلقہ چھ اسمبلی حلقوں، بارہ متی ٹاؤن، اِنداپور، داؤند، پُراندار، بھور اور کھڈکواسلہ پر مشتمل ہے۔ اِس میں 38 امیدوار میدان میں ہیں۔ تقریباً 23 لاکھ 72 ہزار رائے دہندگان ہیں جن میں 12 لاکھ 41 ہزار مرد ووٹرس ہیں۔ 11 لاکھ 30 ہزار خواتین ووٹرس ہیں اور 116 مخنث ہیں۔ اِس حلقے میں 2 ہزار 516 پولنگ اسٹیشن ہیں۔ بارہ متی میں انتخابی مقابلہ، اِس بار لوک سبھا کا سب سے دلچسپ چناوی مقابلہ ہے۔ کئی دہائیوں سے پوار خاندان اور شرد پوار کی زیر قیادت NCP بارہ متی لوک سبھا حلقہ میں اپنا غلبہ بنائے ہوئے ہیں۔ شرد پوار بذاتِ خود اِس حلقے سے کئی بار جیت کر تاریخ رقم کرچکے ہیں۔

تاہم اِس بار کا مقابلہ NCP بمقابلہ NCP، پوار بمقابلہ پوار ہے۔ تین مرتبہ ممبر پارلیمنٹ رہنے والی اور شردپوار کی بیٹی سپریہ سُولے کو اپنی بھابھی سنیترا پوار سے سخت مقابلہ ہے جو کہ اجیت پوار کی اہلیہ ہیں۔ دیگر امیدواروں میں مایاوتی کی زیر قیادت سماجوادی پارٹی کی امیدوار پریہ درشنی Kokre اور ہندوستان جنتا پارٹی کی امیدوار Savita Kadale شامل ہیں۔

**BJP Congress**

کانگریس کے صدر ملکا ارجن کھڑگے نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک مراسلہ تحریر کیا ہے اور کہا ہے کہ اُنھیں کانگریس کے انتخابی منشور کے بارے میں غلط جانکاری ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب کھڑگے نے الزام لگایا کہ BJP کے رہنماؤں نے پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات میں خراب کارکردگی کی وجہ سے جھوٹ بولنا شروع کر دیا ہے۔ جناب کھڑگے نے مزید کہا کہ کانگریس کا انتخابی منشور غریبوں کیلئے ہے اور اِس کا مقصد تمام ذاتوں اور برادریوں کے نوجوانوں، خواتین، کسانوں، مزدوروں اور حاشیے پر رہنے والے لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ہے۔ x

**MEA Russia**

بھارت، روس میں پھنسے ہوئے بھارتی شہریوں کے معاملے کو مختلف سطح پر نہایت سرگرمی کے ساتھ اٹھا رہا ہے۔ اِس میں روس کی وزارت خارجہ، وزارت دفاع اور روس کی متعدد دیگر تنظیمیں شامل ہیں۔ آج سہ پہر دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وہ اُن سبھی لوگوں کو واپس لانے کیلئے پُر عزم ہیں جو رابطے میں ہیں اور وہاں سے آنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایسے 10 ہزار افراد بھارت واپس لوٹ چکے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ بھارت کو روس کی طرف سے یقین دلایا گیا ہے کہ دیگر بھارتی شہریوں کو بھی جلد ہی واپس بھیج دیا جائے گا۔

جناب جیسوال نے امریکہ میں فلسطین کی حمایت میں احتجاج کے بارے میں کہا کہ ہر جمہوریت میں اظہارِ رائے کی آزادی، احساسِ ذمہ داری اور عوامی تحفظ اور امن و امان کے درمیان صحیح توازن قائم رہنا چاہیے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت کو اٹلی میں منعقدہ گروپ-سات ملکوں کی میٹنگ کیلئے دعوت نامہ موصول ہوا ہے، جس کے سلسلے میں غور وخوض کیا جا رہا ہے۔ x

**IMD Heat Wave**

بھارتی محکمہ موسمیات نے آئندہ پانچ دنوں میں مشرق اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں شدید گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ شدید گرمی کے یہ حالات بہار، جھارکھنڈ، ساحلی آندھراپردیش، یانم، تلنگانہ، رائل سیما، اندرونی کرناٹک اور مشرقی اترپردیش کے دور داز کے مقامات میں منگل تک جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ کل سے 29 اپریل تک مغربی اترپردیش اور کونکن میں شدید گرمی پڑے گی۔

محکمہ موسمیات نے اِس مہینے کی 28 تاریخ تک شمال مغربی بھارت میں گرج چمک اور دُھول بھری آندھی کے ساتھ شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے کہا کہ 28 اپریل تک جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش اور برفباری کا امکان ہے۔

اس کے ساتھ ہی دور دراز کے مقامات پر اگلے دو دنوں میں ژالہ باری اور شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، راجستھان اور مغربی اترپردیش میں بھی گرج چمک کے ساتھ 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے دُھول بھری آندھی چلنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا کہ اگلے دو روز کے دوران اترپردیش اور جنوبی

راجستھان کے علاقوں میں بھی 35 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ IMD نے گرمی اور حبس بھرے موسم کے بارے میں کہا کہ تریپورہ، کیرالہ، ماہے، ساحلی کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، آسام، میگھالیہ، کونکن اور گوا میں 28 اپریل تک شدید گرمی برقرار رہے گی۔x

## Bangladesh Heat Wave Alert

بنگلہ دیش میں آئندہ اتوار تک ملک بھر میں گرمی کی نئی لہر کیلئے الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ملک کے مختلف علاقوں میں پچھلے چند روز کے دوران لُو لگنے سے کم سے کم 10 افراد کی موت ہوگئی ہے، جن میں زیادہ تر کسان ہیں۔ بنگلہ دیش کے کھُلنا ڈویژن کے اسپتالوں کو لُو سے متاثرہ مریضوں کو بھرتی کرنے میں دشواری پیش آرہی ہے۔ متعلقہ حکام نے سنیچر تک تمام اسکولوں، مدرسوں اور کالجوں میں تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ ڈھاکہ یونیورسٹی کے حکام نے بھی آن لائن کلاسز کا اعلان کیا ہے۔ x

## Shangai Archery World Cup

شنگھائی میں تیر اندازی عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں تین بھارتی تیر اندازوں Tarundeep Rai، دھیرج Bommadevara اور Pravin Jadhav آج مردوں کی ٹیم کے recurve فائنل میں داخل ہونے کے بعد اب سونے کے تمغے حاصل کرنے کیلئے اولمپک چمپئن جنوبی کوریا کے ساتھ مقابلہ کریں گے۔

مردوں اور خواتین کی ٹیم کے فائنل میں داخلے کے ایک دن بعد کمپاؤنڈ مقابلے میں کم از کم دو تمغے کے یقینی حصول کے بعد ایسا ہوا ہے۔

بھارتی تیر اندازوں کا مقابلہ فائنل میں اتوار کے روز جنوبی کوریا کے اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والوں Kim Woojin، Lee Woo Seok اور Kim Je Deok سے ہوگا۔ x

## IPL

IPL کرکٹ میں حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے جارہے میچ میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے سن رائزرس حیدرآباد کے سامنے جیت کیلئے 207 رنوں کا ہدف رکھا ہے۔

اِس سے پہلے RCB نے ٹاس جیت کر بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ فاف ڈپلوسیس کی زیر قیادت رائل چیلنجرس بنگلورو موجودہ پوائنٹ ٹیبل پر 10ویں مقام پر ہے، جبکہ Pat Comins کی کپتانی والی سن رائزرس حیدرآباد تیسرے مقام پر ہے۔

کل کولکاتہ کے ایڈن گارڈن اسٹیڈیم میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔x

## Bihar Fire Tragedy

بہار میں پٹنہ جنکشن کے نزدیک ایک ہوٹل میں آج سہ پہر آگ لگ جانے سے تین خواتین سمیت 6 افراد

ہلاک ہوگئے۔ پٹنہ کے City ایس پی چندر پرکاش نے جانکاری دی کہ اِس واقعے میں 15 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ زخمیوں کو پٹنہ میڈیکل کالج اسپتال PMCH میں داخل کرایا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا ہے کہ آگ لگنے کا یہ واقعہ کھانا پکانے کے دوران چنگاری پھیلنے سے پیش آیا۔ ہوٹل میں رکھے ہوئے LPG گیس سلینڈر پھٹنے کی وجہ سے یہ آگ اور زیادہ پھیل گئی۔ آس پاس کی دیگر عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ فائر سروسز کے ڈائریکٹر جنرل Shobha Ohatkar نے کہا کہ 45 افراد کو بچالیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے اِس حادثے میں جانی اتلاف پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ x

☆☆☆